NSW HEALTH

Multicultural HIV/AIDS and Hepatitis C Service

*NSW Health Factsheet - Urdu*

***The connection between TB and HIV***

# ٹی بی اور HIV کے بیچ تعلق - معلومات

یہاں آپ کو تپدق (ٹی بی) اور انسانی جسم کی مدافعت کم کرنے والے وائرس Human Immunodeficiency Virus (HIV) کے بارے میں معلومات دی جا رہی ہیں۔ HIV وہ وائرس ہے جو Acquired Immune Deficiency Syndrome یعنی ایڈز (AIDS) پیدا کرتا ہے۔ HIV کے حامل افراد کیلئے دوسرے انفیکشنوں اور بیماریوں میں مبتلا ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ اگر آپ کو تپدق کی تشخیص ہوئی ہے یا اگر آپ کو HIV لاحق ہے تو یہ معلومات آپ کیلئے ہیں۔-

اندازہ ہے کہ 40 ملین افراد HIV یا ایڈز کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں جن میں سے تقریبا 13 ملین کو ٹی بی بھی ہے۔ اگر آپ کو HIV کے ساتھ ساتھ ٹی بی بھی ہو تو ان امراض کا جلد دریافت ہونا اہم ہے تاکہ آپ HIV اور ٹی بی، دونوں کا علاج شروع کر سکیں۔ اگر ان دو انفیکشنوں کا علاج نہ ہو تو یہ مل کر بہت خطرناک بیماریوں کا سبب بن سکتے ہیں۔

## حصہ 1: تپدق (ٹی بی)

### ٹی بی کیا ہے؟

ٹی بی ایک بیکٹریم (جرثومہ) کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہ بیماری عام طور پر پھیپھڑوں کو متاثر کرتی ہے لیکن یہ جسم کے دوسرے حصوں جیسے دماغ، گردوں یا ریڑھ کی ہڈی کو بھی متاثر کر سکتی ہے۔ ٹی بی جسم میں ایکٹو (فعال) یا خفتہ (سوئی ہوئی) ہو سکتی ہے۔ اگر علاج نہ کیا جائے تو ایکٹو ٹی بی صحت کے شدید مسائل بلکہ موت کا سبب بھی بن سکتی ہے۔

### ٹی بی کیسے پھیلتی ہے؟

ٹی بی بیکٹیریا (جراثیم) ہوا کے ذریعے ایک شخص سے دوسرے شخص تک پہنچتے ہیں اور عام طور پر جراثیم تب ہوا میں پھیلتے ہیں جب ایکٹو ٹی بی میں مبتلا کوئی شخص کھانے، ہنسے، چھینکے یا گانا گائے۔ قریب موجود کوئی بھی شخص سانس کے ذریعے ٹی بی بیکٹیریا اپنے جسم میں لے جا سکتا ہے اور ٹی بی میں مبتلا ہو سکتا ہے۔ ٹی بی مل جل کر گھریلو برتنوں، گلاسوں یا پلیٹوں، کے استعمال سے نہیں پھیلتی اور نہ ہی کسی کو چومتے ہوئے تھوک کے ذریعے ٹی بی لگتی ہے۔

### ایکٹو ٹی بی کی علامات کیا ہیں؟

ایکٹو ٹی بی میں مبتلا لوگ اکثر:

| | |
|---|---|
| • کمزور یا بیمار محسوس کرتے ہیں<br>• تیزی سے وزن کی کمی کا شکار ہوتے ہیں<br>• کھانستے ہیں (کبھی کبھار خون ملی کھانسی) اور چھاتی میں درد محسوس کرتے ہیں | • بخار میں مبتلا ہوتے ہیں، اور<br>• رات کو پسینہ آنے کی کیفیت رکھتے ہیں<br>• یا کبھی کبھار کوئی علامات ظاہر نہیں کرتے |

### ایکٹو ٹی بی اور خفتہ ٹی بی میں کیا فرق ہے؟

ایکٹو ٹی بی رکھنے والے لوگ اپنے جسم میں ٹی بی جراثیم کی بڑی تعداد کے فعال ہونے کی وجہ سے بیمار ہوتے ہیں۔ خفتہ ٹی بی کے حامل افراد میں بھی وہ جراثیم موجود ہوتے ہیں جو ایکٹو ٹی بی پیدا کرتے ہیں لیکن یہ لوگ اس لیے بیمار نہیں ہوتے کہ ان کے جسم میں بیکٹیریا خفتہ (سوئے ہوئے) ہوتے ہیں۔ عام طور پر ایسے لوگوں کو ماضی میں ٹی بی بیکٹیریا سے واسطہ پڑ چکا ہوتا ہے۔ تاہم خفتہ ٹی بی کے حامل افراد کو آگے چل کر ایکٹو ٹی بی لاحق ہو سکتی ہے، بالخصوص اگر انہیں HIV بھی ہو۔

- اگر آپ کو ایکٹو ٹی بی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ:
- آپ کے جسم میں ٹی بی کے ایکٹو یعنی فعال بیکٹیریا ہیں
- آپ بیمار ہیں اور ممکن ہے آپ میں علامات ظاہر ہوں جیسے کھانسی، بخار، وزن میں کمی، تھکن اور رات کو پسینہ آنا
- آپ دوسروں تک ٹی بی کے بیکٹیریا پھیلا سکتے ہیں
- آپ مرض سے شفا پانے کیلئے دوائیاں لے سکتے ہیں

- اگر آپ کو خفتہ ٹی بی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ:
- آپ میں ٹی بی کے بیکٹیریا موجود ہیں لیکن یہ فعال نہیں ہیں
- آپ بیمار نہیں ہیں
- آپ دوسرے لوگوں تک ٹی بی کے بیکٹیریا نہیں پھیلا سکتے
- آپ دوائیاں لے سکتے ہیں جن کی وجہ سے آپ کو مستقبل میں ایکٹو ٹی بی لاحق نہیں ہو گی

# حصہ 2: انسانی جسم کی مدافعت کم کرنے والا وائرس (HIV)

## HIV کیا ہے؟

HIV ایک وائرس ہے جو ایڈز کا سبب بن سکتا ہے۔ HIV جسم کے دفاعی نظام پر حملہ کرتا ہے۔ اگر آپ کو HIV انفیکشن لگ چکا ہے تو آپ کو HIV پازیٹو کہا جائے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ HIV آپ کے خون میں داخل ہو چکا ہے۔

## HIV کیسے پھیلتا ہے؟

HIV جسمانی رطوبتوں میں پایا جاتا ہے مثلا خون، نطفے اور اندام نہانی کی رطوبتوں اور ماں کے دودھ میں پایا جاتا ہے۔ HIV انفیکشن صرف اس صورت میں لگ سکتا ہے جب انفیکشن کے حامل کسی شخص کے جسم کی کوئی ایک رطوبت یا ایک سے زیادہ رطوبتیں کسی اور شخص کے خون میں داخل ہو جائیں۔

HIV صرف مندرجہ ذیل طریقوں سے پھیلتا ہے:
- کنڈوم کے بغیر جنسی فعل سے (غیر محفوظ جنسی تعلقات)
- سوئیاں، سرنجیں یا ٹیکا لگانے کیلئے استعمال ہونے والی دوسری چیزیں کسی اور کے ساتھ مل کر استعمال کرنے سے
- حمل، بچے کی ولادت یا دودھ پلانے کے دوران ماں سے بچے کو
- منتقلئ خون اور/یا خون کی مصنوعات لینے سے (آسٹریلیا میں 1985 سے HIV کا پتہ چلانے کیلئے خون کی مصنوعات کی سکریننگ کی جا رہی ہے)

HIV ان صورتوں میں نہیں پھیل سکتا: کھانسنے، چومنے، چھینکنے، تھوکنے، رونے، چھریاں/کانٹے/چمچ مل کر استعمال کرنے سے، بستر کی چادروں اور غلافوں، ٹائلٹ، شاور کے استعمال سے یا عام واسطے یا چھونے کی کسی صورت سے۔

## HIV کی علامات کیا ہیں؟

آپ محض کسی کو دیکھ کر نہیں بتا سکتے کہ آیا اس شخص کو HIV ہے۔ HIV کے حامل زیادہ تر لوگ دیکھنے میں صحتمند لگتے ہیں اور کوئی علامات نہیں رکھتے۔ علامات ظاہر ہونے میں کئی سال لگ سکتے ہیں اور HIV کے حامل بہت سے لوگ خود اس بارے میں لاعلم ہوتے ہیں۔

## HIV اور ایڈز میں کیا فرق ہے؟

HIV جسم کے دفاعی نظام پر حملہ کرتا ہے۔ اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو HIV دفاعی نظام کو تباہ کر دیتا ہے لہذا دفاعی نظام عام انفیکشنوں کا مقابلہ کرنے کے قابل نہیں رہتا اور انسان کیلئے بیماری بلکہ موت کا خطرہ ہوتا ہے۔ یہ کیفیت ایڈز ہے جسے Acquired Immune Deficiency Syndrome کے مخفّف کے طور پر AIDS کا نام دیا گیا ہے۔

اگر آپ کو HIV ہے تو اس کا مطلب ہے کہ:
- آپ کو ایڈز پیدا کرنے والا وائرس لگا ہوا ہے
- ممکن ہے آپ میں کوئی علامات موجود نہ ہوں
- آپ کا علاج ہو سکتا ہے

## حصہ 3: ٹی بی اور HIV – ٹیسٹنگ اور سکریننگ

HIV دفاعی نظام کو کمزور کر دیتا ہے - ”یہ دوسرے انفیکشنوں کیلئے دروازہ کھول دیتا ہے“ - لہٰذا اگر آپ کو HIV اور خفتہ ٹی بی ہو تو آپ کے ایکٹو ٹی بی میں مبتلا ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ اگر ان دونوں انفیکشنوں کا علاج نہ کیا جائے تو یہ مل کر بہت خطرناک بیماری پیدا کر سکتے ہیں۔

### اگر مجھے HIV ہو تو ٹی بی ٹیسٹنگ کروانا کیوں اہم ہے؟

اگر آپ کو HIV ہے تو یہ معلوم کرنا اہم ہے کہ آیا آپ کو خفتہ ٹی بی لاحق ہے کیونکہ HIV کے حامل لوگوں میں خفتہ ٹی بی کے ایکٹو ٹی بی بن جانے کا امکان بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اگر آپ کو HIV کے ساتھ ساتھ خفتہ ٹی بی بھی ہو تو آپ کا علاج ہو سکتا ہے۔

### اگر مجھے ایکٹو ٹی بی ہو تو HIV ٹیسٹنگ کروانا کیوں اہم ہے؟

اگر آپ کو ایکٹو ٹی بی لاحق ہے تو یہ معلوم کرنا اہم ہے کہ آیا آپ کو HIV ہے کیونکہ ایکٹو ٹی بی کے کچھ مریضوں کو HIV بھی ہوتا ہے۔ ٹیسٹنگ کروانا اس لیے اہم ہے کہ اگر آپ کو ایکٹو ٹی بی کے ساتھ ساتھ HIV بھی ہو تو آپ کا علاج ہو سکتا ہے۔

### مجھے ٹی بی کے کونسے ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہے؟

ٹی بی کیلئے تین عام ٹیسٹ ہیں جو NSW میں کسی بھی چیسٹ کلینک (chest clinic) میں کیے جا سکتے ہیں۔ یہ مندرجہ ذیل ہیں:

- ٹیوبرکولین سکن (جلدی) ٹیسٹ (TST) جسے Mantoux ٹیسٹ بھی کہا جاتا ہے
- چھاتی کا ایکسرے
- تھوک کا ٹیسٹ

ان ٹیسٹوں سے پتہ چل سکتا ہے کہ آیا آپ کو ماضی میں ٹی بی سے واسطہ پڑ چکا ہے (خفتہ ٹی بی) یا آیا آپ کو ایکٹو ٹی بی لاحق ہے۔ یہ فیصلہ چیسٹ کلینک کرے گا کہ کونسے ٹیسٹوں کی ضرورت ہے۔

### مجھے HIV کے کونسے ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہے؟

آپ NSW میں جنسی صحت کے کسی بھی کلینک(sexual health clinic) سے یا اپنے ڈاکٹر سے HIV کیلئے خون کا ٹیسٹ کروا سکتے ہیں۔

### اس پر کتنا خرچ اٹھتا ہے؟

NSW کے چیسٹ کلینکس میں ٹی بی کے تمام ٹیسٹ مفت ہیں۔ ممکن ہے چیسٹ کلینک جانے کیلئے پہلے سے وقت لینا ضروری ہو تاہم آپ کے پاس Medicare card ہونا ضروری نہیں۔

NSW میں جنسی صحت کے کلینکس میں HIV ٹیسٹ مفت ہے اور آپ کے پاس Medicare card ہونا ضروری نہیں۔ آپ اپنے مقامی ڈاکٹر سے بھی یہ ٹیسٹ کروا سکتے ہیں لیکن اس کیلئے آپ کے پاس Medicare card ہونا ضروری ہے۔

## حصہ 4: ٹی بی اور HIV - علاج

### ٹی بی کے علاج

HIV کے حامل افراد کیلئے ایکٹو ٹی بی کا علاج ممکن ہے اور وہ شفایاب ہو سکتے ہیں۔ ایکٹو ٹی بی کا علاج کئ اینٹی بائیوٹک ادویات ملا کر کم از کم 6 ماہ استعمال کرنے سے ہوتا ہے۔ ایک نرس آپ کو ٹی بی کی ادویات لیتے ہوئے دیکھتا/دیکھتی ہے تاکہ اگر کوئی ضمنی اثرات ہوں تو پتہ چل جائے اور علاج کی تکمیل یقینی بنائی جائے۔

خفتہ ٹی بی میں مبتلا HIV کے حامل افراد کا علاج 6 مہینے کا اینٹی بائیوٹکس کورس دے کر کیا جاتا ہے جس سے خفتہ ٹی بی کو ایکٹو ٹی بی میں بدلنے سے روکا جاتا ہے۔

### HIV کے علاج

فی الحال HIV اور ایڈز سے شفا دلانے والا کوئی علاج نہیں ہے تاہم HIV کا مقابلہ کرنے والی کئ ادویات تیار کی جا چکی ہیں جو دفاعی نظام پر اس وائرس کے نقصان دہ اثر کو آہستہ کرتی ہیں۔ علاج کروا کے HIV کے حامل بہت سے لوگ ٹھیک رہ سکتے ہیں اور صحتمند، مصروف اور اطمینان بخش انداز میں زندگی جاری رکھ سکتے ہیں۔

### اس پر کتنا خرچ اٹھتا ہے؟

ٹی بی کے تمام علاج مفت ہیں۔ Medicare card کی ضرورت نہیں ہوتی۔

HIV کے علاج Medicare card رکھنے والے سب لوگوں کیلئے تھوڑی سی رقم کے عوض دستیاب ہیں۔

## حصہ 5: دیگر معلومات

### کیا HIV یا ٹی بی میں مبتلا ہونے کی وجہ سے میرے امیگریشن سٹیٹس پر اثر پڑے گا؟

#### ٹی بی:

خفتہ ٹی بی کا انفیکشن یا ایکٹو ٹی بی کا مرض ہونے سے آسٹریلیا میں آپ کے امیگریشن سٹیٹس پر اثر نہیں پڑے گا۔

#### HIV:

اگر آپ آسٹریلیا میں مستقل رہائش رکھتے ہیں تو HIV کی وجہ سے بھی آپ کے امیگریشن سٹیٹس پر اثر نہیں پڑے گا۔ تاہم مستقل رہائش کی درخواست دینے والے تمام افراد کو صحت کا تقاضا پورا کرنا پڑتا ہے جس میں HIV ٹیسٹ اور چھاتی کا ایکسرے کرانا بھی شامل ہے۔ مستقل رہائش حاصل کرنے کے قوانین اور اصول پیچیدہ ہیں۔ اس لیے کسی قابل مائیگریشن ایجنٹ سے قانونی مشورہ کرنا اہم ہے۔

### رازداری

رازداری کا مطلب ہے کہ کوئی ہیلتھ سروس آپ کے بارے میں جو معلومات رکھتی ہے، وہ پوشیدہ رکھی جاتی ہیں اور وہ سروس آپ کی اجازت کے بغیر یہ معلومات دوسرے لوگوں کو نہیں دے سکتی۔ آسٹریلیا میں یہ قانون کے خلاف ہے کہ کوئی طبی کارکن آپ کی ذاتی تفصیلات کے بارے میں کسی اور سے بات کرے۔

### انٹرپریٹرز (زبانی ترجمہ کرنے والوں) کا استعمال

آپ طبی کارکنوں یا دوسرے اداروں سے بات کرتے ہوئے انٹرپریٹر لے سکتے ہیں۔ سب طبی کارکنوں کی طرح انٹرپریٹر پر بھی آپ کے معاملات کو رازداری میں رکھنا لازم ہوتا ہے۔

### انٹرپریٹر کے استعمال سے آپ:

- بتائی جانے والی ہر بات پوری طرح سمجھ سکتے ہیں
- یقین کر سکتے ہیں کہ آپ کی ہر بات دوسروں کو سمجھ آ رہی ہے
- سوالات پوچھ سکتے ہیں اور جواب حاصل کر سکتے ہیں
- ٹیسٹوں یا علاج کی تفصیل سمجھ کر رضامندی دے سکتے ہیں

فون پر ترجمہ کرنے والے انٹرپریٹرز (TIS) پورے آسٹریلیا میں ہر جگہ دستیاب ہیں۔ 450 131 پر فون کریں (لوکل کال کی قیمت پر) اور اس نمبر پر موجود عملہ آپ کا رابطہ اس ادارے سے کرا دے گا جس سے آپ بات کرنا چاہتے ہیں اور آپ کو فون پر ترجمہ کرنے والا انٹرپریٹر بھی دیا جائے گا۔

## وہ ادارے جو آپ کی مدد کر سکتے ہیں:

**Chest Clinics**

اپنے نزدیک ترین چیسٹ کلینک کے بارے میں جاننے کیلئے یہاں جائیں:

www.health.nsw.gov.au/publichealth/infectious/tb/pdf/chest_clinics/pdf

**Sexual Health Clinics (جنسی صحت کے کلینکس)**

اپنے نزدیک ترین جنسی صحت کے کلینک کا پتہ جاننے کیلئے White Pages ٹیلیفون ڈائریکٹری میں 'S' کے نیچے تلاش کریں یا 1800 624 451 پر Sexual Health Info line کو فون کریں

**اپنی زبان میں HIV کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات کیلئے یہاں جائیں:**

Multicultural HIV/AIDS and Hepatitis C Service
www.multiculturalhivhepc.net.au

**اپنی زبان میں ٹی بی کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات کیلئے یہاں جائیں:**

Multicultural Health Communication Service
www.mhcs.nsw.gov.au

**NSW ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ**

www.health.nsw.gov.au/PublicHealth/Infectious/TB/index.asp